سوال نمبر ۲: مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھیں۔

سوال نمبر 1: نماز کی اہمیت پر دو جملے تحریر کریں؟

جواب: نماز دین کا ستون ہے۔ بے شک نماز برے کاموں اور فحاشی سے روکتی ہے۔ نماز مومن کی معراج ہے۔ نماز کافر اور مسلمان کے درمیان فرق کرتی ہے۔

سوال نمبر 2: دین اسلام میں نماز کو کیا اہمیت حاصل ہے؟

جواب: نبی کریم ﷺ نے فرمایا نماز دین کا ستون ہے۔ جس نے اسے قائم کیا اس نے گویا دین کو قائم کیا اور جس نے اسے ڈھایا اس نے گویا دین کو ڈھایا۔

سوال نمبر 3: وہ کون سا عمل ہے جو انسان اور اللہ کے درمیان تعلق و رابطے کا ذریعہ ہے؟

جواب: نماز ہی وہ عمل ہے جس کے ذریعے اس کا اللہ تعالیٰ سے تعلق اور رابطہ قائم رہتا ہے جو ترکِ نماز سے کمزور ہو جاتا ہے۔

سوال نمبر 4: حدیث نبوی ﷺ میں خطبہ جمعہ کے کیا آداب بتائے گئے ہیں؟

جواب: حدیث نبوی ﷺ میں ارشاد ہے کہ جب تم نے جمعہ کے دِن اپنے ساتھی سے یہ کہا کہ "خاموش ہو جاؤ" جبکہ امام خطبہ دے رہا ہو تو تم نے فضول بات کی۔

سوال نمبر 5: مَنْ تَخَطّٰى رِقَابَ النَّاسِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ اتَّخَذَ جِسْرًا اِلٰى جَهَنَّمَ کا ترجمہ تحریر کریں؟

جواب: ترجمہ: جو شخص جمعہ کے دِن لوگوں کی گردنوں پر پھلانگ کر گیا (گویا) اُس نے جہنم کی طرف پُل بنایا۔

سوال نمبر6: رسول اللہ ﷺ نے کس عمل کو دوزخ کی طرف پل بنانے کے مترادف قرار دیا ہے؟

جواب: رسول اللہ ﷺ نے جمعہ کے دِن لوگوں کی گردنوں پر پھلانگ کر جانے کو دوزخ کی طرف پل بنانے کے مترادف قرار دیا ہے۔

سوال نمبر7: نبی ﷺ نے باجماعت نماز میں شامل ہونے کے کیا آداب بتائے ہیں؟

جواب: ارشاد نبوی ﷺ ہے۔ جب نماز کھڑی ہو جائے تو اِس کے لئے دوڑتے ہوئے نہ آؤ بلکہ اطمینان (اور وقار) سے چلتے ہوئے آؤ جو (نماز) تم پالو اُسے ادا کرلو اور جو تم سے رہ جائے تو اُسے پورا کرلو۔

سوال نمبر8: کس روزہ دار کے تمام گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں؟

جواب: ارشاد نبوی ﷺ ہے کہ:۔ جس نے ایمان اور اجر کی نیت سے رمضان کے روزے رکھے اور اِس کی (راتوں) میں قیام کیا اُس کے پہلے گناہ معاف کر دیئے گئے۔

سوال نمبر9: رمضان کے روزوں کی فرضیت کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا کیا حکم ہے؟

جواب: قرآنِ حکیم میں روزہ کی فرضیت کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ۔

"اے ایمان والو! تم پر اسی طرح روزے فرض کیے گئے ہیں جیسے تم سے پہلے لوگوں پر فرض کیے گئے تھے تاکہ تم پرہیز گار بن جاؤ۔"

سوال نمبر10:  حدیث مبارکہ میں روزہ دار کے لیے کن دو خوشیوں کا ذکر آیا ہے؟

جواب: روزے دار کیلئے دو خوشیاں ہیں ایک خوشی افطار کے وقت اور ایک خوشی اپنے رب سے ملاقات کے وقت۔

سوال نمبر11:  نبی ﷺ نے حج کی کیا فضیلت بیان فرمائی ہے؟

جواب: ارشاد نبوی ﷺ ہے کہ:۔ جس نے بیت اللہ کا حج اور اس کے مناسک (پورے) ادا کئے اور مسلمان اس کی زبان اور اس کے ہاتھ سے محفوظ رہے تو اس کے پہلے گناہ معاف کر دئے گئے۔

سوال نمبر12:  حج کے دوران کس بات کا اہتمام کرنا ضروری ہے؟

جواب: حج کے سلسلے میں مکہ میں دنیا بھر کے مسلمانوں کا عظیم الشان اجتماع ہوتا ہے۔ لہذا اس بات کا اہتمام ضروری ہے کہ اس موقع پر صبر و تحمل، عفو و درگزر اور ایثار سے کام لیا جائے۔ اپنے کسی مسلمان بھائی کی زبان سے دل آزاری کی جائے نہ ہاتھ سے اسے کوئی تکلیف پہنچائی جائے۔

سوال نمبر13:  حج کن لوگوں پر فرض ہے؟

جواب: حج ہر صاحب استطاعت مسلمان مرد اور عورت پر زندگی میں ایک بار فرض ہے۔

سوال نمبر14:  جو قدم دین حق کی سربلندی کے اُٹھیں اُن کے بارے میں حدیث مبارکہ کا ترجمہ لکھیں؟

جواب: جس کے قدم اللہ کی راہ میں غبار آلود ہوئے اللہ نے اُسے آگ پر حرام کر دیا۔

سوال نمبر15:  رعیت و نگہبانی سے متعلقہ كُلُّكُمْ رَاعٍ وَمَسْئُولٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ کا ترجمہ تحریر کریں؟

جواب: ترجمہ: تم میں سے ہر ایک نگہبان ہے اور تم میں سے ہر ایک اپنی رعیت کے بارے میں جوابدہ ہے۔

سوال نمبر 16: لوگوں میں سب سے اچھا کون ہے؟

جواب: لوگوں میں سے اچھا وہ ہے جو لوگوں کو نفع دیتا ہے۔

سوال نمبر 17: خَيْرُ النَّاسِ بننے کا بہترین طریقہ کیا ہے؟

جواب: خَيْرُ النَّاسِ بننے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ ہم لوگوں کو زیادہ نفع پہنچائیں اور انسانیت کی فلاح و بہبود کیلئے ہر وقت کوشاں رہیں۔

سوال نمبر 18: انسان کے کس عمل میں دنیاوی اور اُخروی کامیابی کا راز پوشیدہ ہے؟

جواب: اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کے بارے میں فرماتا ہے کہ اِس دنیا میں عزت اور کامیابی انہی لوگوں کا مقدر ہے جو اللہ تعالیٰ کی مخلوق کو زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچاتے ہیں اور انسانیت کی فلاح و بہبود کیلئے ہر وقت کوشاں رہتے ہیں۔

سوال نمبر 19: نماز کی اہمیت کے بارے میں کوئی ایک حدیث لکھیے۔

جواب: اَلصَّلٰوةُ عِمَادُ الدِّيْنِ وَمَنْ اَقَامَهَا فَقَدْ اَقَامَ الدِّيْنَ وَمَنْ هَدَمَهَا فَقَدْ هَدَمَ الدِّيْنَ۔

ترجمہ: نماز دین کا ستون ہے۔ جس نے اسے قائم کیا اس نے گویا دین کو قائم کیا اور جس نے اسے ڈھایا اس نے گویا دین کو ڈھایا۔

سوال نمبر 20: حضور ﷺ نے نماز اور دین کا باہمی تعلق کس طرح بیان کیا ہے؟

جواب: نبی کریم ﷺ نے فرمایا:۔ نماز دین کا ستون ہے۔ جس نے اسے قائم کیا اس نے گویا دین کو قائم کیا اور جس نے اسے ڈھایا اس نے گویا دین کو ڈھایا۔

سوال نمبر 21: اللہ کی راہ میں قدم غبار آلود ہونے سے کیا مراد ہے؟

جواب: علم کی طلب، نماز کی ادائیگی، مسلمان بھائی کی مدد یا عبادت وغیرہ کے لئے اپنے قدم غبار آلود کرنا ہے۔ جو کہ فلاح و کامیابی کا ذریعہ ہے۔

سوال نمبر 22: حج کا اہم ترین رکن کون سا ہے؟

جواب: حج کا اہم ترین رکن "وقوف عرفہ" ہے۔

سوال نمبر 23: حج ادا کرنے کا کیا اجر ہے؟

جواب: ارشاد نبوی ﷺ ہے کہ:۔ جس نے بیت اللہ کا حج اور اس کے مناسک (پورے) ادا کئے اور مسلمان اس کی زبان اور اس کے ہاتھ سے محفوظ رہے تو اس کے پہلے گناہ معاف کر دئے گئے۔

سوال نمبر 24: ترجمہ لکھیں: اَلصَّلٰوۃُ عِمَادُ الدِّیْنِ۔

جواب: ترجمہ: نماز دین کا ستون ہے۔

سوال نمبر 25: جمعہ کے خطبہ سننے کے آداب بیان کریں۔

جواب: خطبہ جمعہ کے آداب:

جمعہ کے خطبہ کو غور و فکر اور توجہ سے سنا جائے اور توجہ کی اتنی تاکید ہے کہ اگر پاس کوئی دوسرا شخص باتیں کر رہا ہے تو آپ اُسے یہ الفاظ نہیں کہہ سکتے "چپ ہو جاؤ" کیونکہ اِس آواز سے کافی لوگوں کی توجہ ہٹ جائے گی اور خطبہ سمجھ میں نہیں آئے گا۔

خطبہ جمعہ کے دوران تمام آداب کا خیال رکھیں اور جہاں جگہ ملے وہاں بیٹھ جائیں اور جمعہ کے خطبہ کو غور و فکر سے سنیں اور اُن اسلامی تعلیمات پر عمل پیرا ہونے کی کوشش کریں تاکہ ہماری دین و دنیا سنور جائے۔

سوال نمبر26:- روزہ کے دو فوائد لکھیں۔

جواب: روزہ کے فوائد:

1۔ جس نے ایمان اور اجر کی نیت سے رمضان کے روزے رکھے اور اِس کی (راتوں) میں قیام کیا اُس کے پہلے گناہ معاف کر دیئے گئے۔

2۔ روزہ رکھنے میں انسان کے اندر دینی مزاج اور صبر تقویٰ پیدا کرنے کے لئے ایک مخصوص دینی فضا قائم ہو جاتی ہے۔